روزنامہ

1913ء سے جاری شدہ

FR-10

# الفضل

The ALFAZL Daily

ٹیلی فون نمبر 047-6213029

ایڈیٹر : عبدالسمیع خان

web: http://www.alfazl.org
email: editor@alfazl.org

ہفتہ 21 جون 2014ء 22 شعبان 1435 ہجری 21/احسان 1393 ہش جلد 64-99 نمبر 141

## انکساری اور تواضع

اللہ تعالیٰ فرماتا ہے۔

اور رحمٰن کے بندے وہ ہیں جو زمین پر فروتنی کے ساتھ چلتے ہیں اور جب جاہل ان سے مخاطب ہوتے ہیں تو (جواباً) کہتے ہیں ’’سلام (الفرقان:64)

اور (نخوت) سے انسانوں کیلئے اپنے گال نہ پُھلا اور زمین میں یونہی اکڑتے ہوئے نہ پھر۔ اللہ کسی تکبر کرنے والے (اور) فخر ومباہات کرنے والے کو پسند نہیں کرتا (لقمان:19)

اور اپنا پَر مومنوں میں سے ان کے لئے جو تیری پیروی کرتے ہیں جھکا دے۔

(الشعراء:216)

# ارشادات عالیہ حضرت بانی سلسلہ احمدیہ

......تم اپنی نفسانیت ہر ایک پہلو سے چھوڑ دو اور باہمی ناراضگی جانے دو اور سچے ہو کر جھوٹے کی طرح تذلل کرو تا تم بخشے جاؤ۔ نفسانیت کی فربہی چھوڑ دو کہ جس دروازے کے لئے تم بلائے گئے ہو اس میں سے ایک فربہ انسان داخل نہیں ہو سکتا۔ کیا ہی بدقسمت وہ شخص ہے جو ان باتوں کو نہیں مانتا جو خدا کے منہ سے نکلیں اور میں نے بیان کیں تم اگر چاہتے ہو کہ آسمان پر تم سے خدا راضی ہو تو تم باہم ایسے ایک ہو جاؤ جیسے ایک پیٹ میں سے دو بھائی۔ تم میں سے زیادہ بزرگ وہی ہے جو زیادہ اپنے بھائی کے گناہ بخشتا ہے اور بدبخت ہے وہ جو ضد کرتا ہے اور نہیں بخشتا سو اس کا مجھ میں حصہ نہیں۔ خدا کی لعنت سے بہت خائف رہو کہ وہ قدوس اور غیور ہے بدکار خدا کا قرب حاصل نہیں کر سکتا۔ متکبر اس کا قرب حاصل نہیں کر سکتا۔ ظالم اس کا قرب حاصل نہیں کر سکتا خائن اس کا قرب حاصل نہیں کر سکتا۔ اور ہر ایک جو اس کے نام کے لئے غیرت مند نہیں اس کا قرب حاصل نہیں کر سکتا۔ وہ جو دنیا پر کتوں یا چیونٹیوں یا گِدّوں کی طرح گرتے ہیں اور دنیا سے آرام یافتہ ہیں وہ اس کا قرب حاصل نہیں کر سکتے ہر ایک ناپاک آنکھ اس سے دور ہے ہر ایک ناپاک دل اس سے بے خبر ہے وہ جو اس کے لئے آگ میں ہے وہ آگ سے نجات دیا جائے گا وہ جو اس کے لئے روتا ہے وہ ہنسے گا۔ وہ جو اس کے لئے دنیا سے توڑتا ہے وہ اس کو ملے گا تم سچے دل سے اور پورے صدق سے اور سرگرمی کے قدم سے خدا کے دوست بنو تا وہ بھی تمہارا دوست بن جائے۔ تم ماتحتوں پر اور اپنی بیویوں پر اور اپنے غریب بھائیوں پر رحم کرو تا آسمان پر تم پر بھی رحم ہو۔ تم سچ مچ اس کے ہو جاؤ۔ تا وہ بھی تمہارا ہو جاوے۔ دنیا ہزاروں بلاؤں کی جگہ ہے جن میں سے ایک طاعون بھی ہے سو تم خدا سے صدق کے ساتھ پنجہ مارو تا وہ یہ بلائیں تم سے دور رکھے کوئی آفت زمین پر پیدا نہیں ہوتی جب تک آسمان سے حکم نہ ہو اور کوئی آفت دور نہیں ہوتی جب تک آسمان سے رحم نازل نہ ہو سو تمہاری عقلمندی اسی میں ہے کہ تم جڑ کو پکڑو نہ شاخ کو۔ تمہیں دوا اور تدبیر سے ممانعت نہیں ہے مگر ان پر بھروسہ کرنے سے ممانعت ہے اور آخر وہی ہوگا جو خدا کا ارادہ ہوگا اگر کوئی طاقت رکھے تو توکل کا مقام ہر ایک مقام سے بڑھ کر ہے اور تمہارے لئے ایک ضروری تعلیم یہ ہے کہ قرآن شریف کو مہجور کی طرح نہ چھوڑ دو کہ تمہاری اسی میں زندگی ہے جو لوگ قرآن کو عزت دیں گے وہ آسمان پر عزت پائیں گے جو لوگ ہر ایک حدیث اور ہر ایک قول پر قرآن کو مقدم رکھیں گے ان کو آسمان پر مقدم رکھا جائے گا۔ نوع انسان کے لئے روئے زمین پر اب کوئی کتاب نہیں مگر قرآن۔ اور تمام آدم زادوں کے لئے اب کوئی رسول اور شفیع نہیں مگر محمد مصطفی صلی اللہ علیہ وسلم سو تم کوشش کرو کہ سچی محبت اس جاہ وجلال کے نبی کے ساتھ رکھو اور اس کے غیر کو اس پر کسی نوع کی بڑائی مت دو تا آسمان پر تم نجات یافتہ لکھے جاؤ اور یاد رکھو کہ نجات وہ چیز نہیں جو مرنے کے بعد ظاہر ہوگی بلکہ حقیقی نجات وہ ہے کہ اسی دنیا میں اپنی روشنی دکھلاتی ہے۔

(کشتی نوح۔ روحانی خزائن جلد19صفحہ 12)

## انسان کی پیدائش کا مدعا

حضرت مسیح موعود فرماتے ہیں۔

’’وہ مدعا جو خدا تعالیٰ اپنے پاک کلام میں بیان فرماتا ہے وہ یہ ہے جیسا کہ وہ فرماتا ہے وَ مَا خَلَقْتُ الْجِنَّ ...... (ذاریات:57) یعنی میں نے جن اور انسان کو اسی لئے پیدا کیا ہے کہ وہ مجھے پہچانیں اور میری پرستش کریں۔ پس اس آیت کی رو سے اصل مدعا انسان کی زندگی کا خدا کی پرستش اور خدا کی معرفت اور خدا کے لئے ہو جانا ہے۔ یہ تو ظاہر ہے کہ انسان کو یہ تو مرتبہ حاصل نہیں ہے کہ اپنی زندگی کا مدعا اپنے اختیار سے آپ مقرر کرے کیونکہ انسان نہ اپنی مرضی سے آتا ہے اور نہ اپنی مرضی سے واپس جائے گا۔ بلکہ وہ ایک مخلوق ہے جس نے اسے پیدا کیا اور تمام حیوانات کی نسبت عمدہ اور اعلیٰ قویٰ اس کو عنایت کئے۔ اسی نے اس کی زندگی کا ایک مدعا ٹھہرا رکھا ہے۔ خواہ کوئی انسان اس مدعا کو سمجھے یا نہ سمجھے۔ مگر انسان کی پیدائش کا مدعا بلاشبہ خدا کی پرستش اور خدا کی معرفت اور خدا میں فانی ہو جانا ہی ہے۔‘‘

(اسلامی اصول کی فلاسفی، روحانی خزائن جلد10 صفحہ 414)

(مرسلہ: نظارت اصلاح وارشاد مرکزیہ بسلسلہ تعمیل فیصلہ جات شوریٰ 2014ء)

## دعوت الی اللہ کیلئے زندگی وقف کریں

سیدنا حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز فرماتے ہیں۔

اللہ تعالیٰ نے ایسے گروہ کا ذکر فرمایا ہے جو دین کی خاطر اپنی زندگیاں وقف کرتے ہیں تاکہ نیکیوں کو قائم کریں، برائیوں سے روکیں اور (اشاعت دین حق) میں اپنی زندگی گزاریں۔

(خطبات مسرور جلد ہشتم صفحہ 538)

اس بابرکت نظام کا حصہ بننے کے لئے اپنے بچوں کو وقف کریں اور جامعہ احمدیہ میں داخلے کے لئے بھجوائیں۔ (وکیل التعلیم تحریک جدید ربوہ)

مشعل راہ

# چغل خور خدا کے مغضوب ہوتے ہیں

سیدنا حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز خطبہ جمعہ 26 دسمبر 2003ء میں فرماتے ہیں۔

ایک حدیث ہے جو ایسے لوگوں کے بارہ میں ہی ہے۔ حضرت عبدالرحمٰن بن غنمؓ اور حضرت اسماء بنت یزیدؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اللہ تعالیٰ کے پسندیدہ بندے وہ ہیں کہ جب ان کو دیکھا جائے تو اللہ یاد آ جائے اور اللہ تعالیٰ کے برے بندے غیبت اور چغلیاں کرتے پھرتے ہیں، دوستوں پیاروں کے درمیان تفریق ڈالتے ہیں، نیک پاک لوگوں کو تکلیف، مشقت، فساد، ہلاکت اور گناہ میں ڈالنا چاہتے ہیں''۔ (مسند احمد بن حنبل۔ مسند الشامیین) اللہ تعالیٰ ہر احمدی مرد و عورت کو اس سے بچائے۔

پھر حدیث ہے۔ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ کہتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ''تم میں سے سب سے زیادہ میرے محبوب وہ ہیں جو بہترین اخلاق کے حامل ہوں، نرم خو ہوں، وہ لوگوں سے انس رکھتے ہوں اور لوگ ان سے مانوس ہوں اور تم میں سب سے زیادہ مبغوض میرے نزدیک چغل خور، دوستوں کے درمیان جدائی ڈالنے والے اور بے گناہ لوگوں پر تہمت لگانے والے ہیں''۔ (ترغیب وترھیب)

پھر حدیث ہے حضرت انس رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں۔ **آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ''جب مجھے معراج ہوا تو کشفاً میں ایک ایسی قوم کے پاس سے گزرا جن کے ناخن تانبے کے تھے اور وہ اس سے اپنے چہروں اور سینوں کو نوچ رہے تھے۔ میں نے پوچھا، جبرائیل یہ کون ہیں؟ تو انہوں نے بتایا کہ یہ لوگ، لوگوں کا گوشت نوچ نوچ کر کھایا کرتے تھے اور ان کی عزت وآبرو سے کھیلتے تھے (یعنی غیبت کرتے تھے، الزام تراشیاں کرتے تھے، حقارت کی نظر سے دیکھتے تھے)''۔**

(ابوداؤد کتاب الادب باب فی الغیبۃ)

تو دیکھیں یہ کتنا خوفناک منظر ہے۔ غیبت کرنے والوں کی مرنے کے بعد کی سزا کتنی خوفناک ہے۔ انسان عام طور پر بعض دفعہ بے احتیاطی میں باتیں کر جاتا ہے۔ بعض اوقات نیت نہیں بھی ہوتی کہ چغلی یا غیبت ہو لیکن آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم اس معاملہ میں اتنے محتاط تھے اور اس حد تک گہرائی میں اور باریکی میں جاتے تھے کہ جہاں ذرا سا شائبہ بھی ہو کہ بات غیبت کے قریب ہے تو سخت کراہت فرماتے تھے اور فوراً تنبیہ فرمایا کرتے تھے۔

حضرت عائشہؓ بیان کرتی ہیں کہ ایک دفعہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس ایک عورت کے بارہ میں کہا کہ وہ چھوٹے قد کی ہے۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: تم نے غیبت کی ہے۔

(احیاء علوم الدین از علامہ غزالی جلد نمبر 3 صفحہ 178)

اب کتنی باریکی میں جا کے بھی آپؐ تنبیہ فرما رہے ہیں۔ کتنا خوف کا مقام ہے، کس قدر احتیاط کی ضرورت ہے۔ جب اس انتہا تک یا اتنی باریکی میں جا کر غیبت سے بچنے کی کوشش ہم نہیں کریں گے اس وقت تک ہم حسین (۔) معاشرہ قائم نہیں کر سکتے، جس کا دعویٰ کر کے ہم اٹھے ہیں۔ اور اسی طرح اپنی عاقبت بھی نہیں سنوار سکتے۔ غیبت کرنے والے کا حال تو آپ نے دیکھ ہی لیا، سن لیا کیا ہوتا ہے۔

پھر حضرت ابوہریرہؓ بیان کرتے ہیں کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ''انسان بعض اوقات بے خیالی میں اللہ تعالیٰ کی خوشنودی کی کوئی بات کہہ دیتا ہے جس کی وجہ سے اللہ تعالیٰ اس کے درجات بے انتہا بلند کر دیتا ہے اور بعض اوقات وہ لاپرواہی میں اللہ تعالیٰ کی ناراضگی کی کوئی بات کر بیٹھتا ہے جس کی وجہ سے وہ جہنم میں جا گرتا ہے''۔ (بخاری کتاب الرقاق باب حفظ اللسان)

(بحوالہ روزنامہ الفضل 13/اپریل 2004ء)

# سیدنا حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ سے ہلنگڈن کے میئر اور میئرس کی ملاقات

8/اپریل 2014ء کو ہلنگڈن لندن کے علاقہ (Hillingdon) کے میئر کونسلر ایلن کوف مَین (Councellor Allan Kauffman) اور ان کی اہلیہ میئرس لِن کوف مَین (Lynne Kauffman) حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز سے شرفِ ملاقات حاصل کرنے کے لیے بیت فضل لندن تشریف لائے۔

ان معزز مہمانوں نے 11 فروری 2014ء کو گِلڈ ہال (لندن) میں منعقد ہونے والی مذاہبِ عالم کانفرنس میں حضورِ انور کا معرکۃ الآراء خطاب سننے کے بعد حضورِ انور ایدہ اللہ سے ملاقات کرنے کی درخواست کی تھی۔

قریباً آدھ گھنٹہ تک جاری رہنے والی اس ملاقات میں حضورِ انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے مذہب اور اس کی اہمیت پر بات کی۔ نیز ہر فردِ واحد کے اپنے مذہب کو بہتر طور پر سمجھنے اور اس پر عمل پیرا ہونے پر زور دیا۔

حضورِ انور نے فرمایا کہ ایک انسان اسی وقت اپنے مذہب کی تعلیمات پر کماحقہٗ عمل پیرا ہو سکتا ہے جب وہ اسے درست طور پر سمجھتا بھی ہو۔

حضورِ انور ایدہ اللہ تعالیٰ نے فرمایا کہ بین المذاہب ڈائیلاگ بہت اہمیت کے حامل ہیں اور اس کے لئے تمام مذاہب کے نمائندوں کو ایک پلیٹ فارم پر اکٹھے ہو کر ایک دوسرے کے نظریات و عقائد کو درست طور پر سمجھنے کی کوشش کرنی چاہیے۔

اس ملاقات کے دوران میئر نے اس حقیقت کا ذکر کیا کہ آج کی دنیا بہت زیادہ مادہ پرست ہو گئی ہے۔ جس پر حضورِ انور نے فرمایا کہ

''یہ بات درست ہے، لیکن اس بات میں بھی شک نہیں کہ مادی دنیا اور مذہب ایک دوسرے سے مختلف نہیں بلکہ ایک دوسرے کے ساتھ قدم بقدم چل سکتے ہیں بشرطیکہ ہر آدمی اپنے مذہب کی حقیقت سے آشنا ہو۔''

اس ملاقات کے دوران حضورِ انور ایدہ اللہ نے ان دونوں معزز مہمانوں کو جلسہ سالانہ انگلستان 2014ء میں شرکت کی دعوت دی۔ میئر نے عرض کیا کہ جس وقت یہ جلسہ منعقد ہو گا اس وقت میں میئر نہیں رہوں گا۔ حضورِ انور ایدہ اللہ نے جواباً فرمایا کہ اس سے کوئی فرق نہیں پڑتا۔ چاہے آپ میئر نہ بھی رہیں جماعت آپ کی مہمان نوازی کرنے میں خوشی محسوس کرے گی۔

حضورِ انور نے فرمایا:۔

''ہم ایک دفعہ دوستی کا ہاتھ بڑھا دیں تو اسے کبھی واپس نہیں لیتے بلکہ اس دوستی کو مضبوط سے مضبوط تر کرتے چلے جاتے ہیں۔''

اس ملاقات کے اختتام پر حضورِ انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے معزز مہمانوں کو حضرت مصلح موعود کی تصنیفِ لطیف...... کا اقتصادی نظام' کا انگریزی ترجمہ تحفۃً عطا فرمایا جو 'The Economic System of..... کے عنوان سے حال ہی میں شائع ہوا ہے۔ حضورِ انور نے ازراہِ شفقت اس کتاب پر دستخط فرمائے تو میئر اور میئرس نے کہا کہ وہ اس کتاب کو ایک یادگار تحفہ کے طور پر ہمیشہ محفوظ رکھیں گے۔

ملاقات کے بعد مہمانوں نے اپنے جذبات کا اظہار کرتے ہوئے کہا:

ہمیں حضور سے مل کر بہت خوشی ہوئی اور حضور کی اس بات نے بہت متاثر کیا کہ 'آپ سے دوستی صرف میئر ہونے کی وجہ سے نہیں'۔

میئر نے مزید کہا کہ:

''حضورِ انور ایک نہایت شفیق، محبت کرنے والی اور پُرکشش شخصیت کے حامل ہیں۔ ہم بجا طور پر خوش قسمت ہیں کہ ہمیں حضورِ انور سے شرفِ ملاقات حاصل ہوا۔''

میئرس نے کہا:

''حضور کی شخصیت کے وقار اور آواز کے دھیمے پن سے کوئی بھی متاثر ہوئے بغیر نہیں رہ سکتا!''۔

(الفضل انٹرنیشنل 16 مئی 2014ء)

## قواعد ضرور پڑھیں

سیدنا حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز خطبہ جمعہ فرمودہ 16/اگست 2013ء میں فرماتے ہیں۔

انتظامی امور میں ایک اور بات یہ کہنی چاہتا ہوں کہ عہدیدار اپنے اپنے شعبہ کے قواعد کے بارے میں ضرور پڑھیں۔ قواعد میں ہر ایک شعبہ کو پتہ ہونا چاہئے کہ اس کے کیا فرائض ہیں؟ کیا اختیارات ہیں؟

(روزنامہ الفضل 24 ستمبر 2013ء)

پبلشر و پرنٹر: طاہر مہدی امتیاز احمد وڑائچ مطبع: ضیاء الاسلام پریس مقام اشاعت: دارالنصر غربی چناب نگر ربوہ قیمت 5 روپے

مرسلہ: نظارت اصلاح وارشاد مرکزیہ

# روحانی خزائن جلد 18 کے سوالات

اعجاز المسیح، ایک غلطی کا ازالہ، دافع البلاء، نزول المسیح، گناہ سے نجات کیوں کر مل سکتی ہے، عصمت انبیاء

(قسط دوم آخر)

## نزول المسیح

☆ طاعون کی کتنی قسمیں بیان ہوئی ہیں؟
صفحہ 373
☆ کتاب نزول المسیح کے شروع میں کس سورۃ کی آیت حضرت مسیح موعود نے لکھی؟ صفحہ 379
☆ حضرت مسیح موعود نے طاعون کے بارہ میں کون سا رسالہ لکھا؟ صفحہ 379
☆ دافع البلاء لکھنے کی کیا غرض تھی؟
صفحہ 379
☆ اللہ تعالیٰ نے اپنے اور اپنے رسولوں کے غالب آنے کے متعلق کیا فرمایا؟ صفحہ 380
☆ آنحضرت ﷺ نے آنے والے مسیح کے بارے میں کیا پیشگوئی فرمائی؟ صفحہ 381
☆ حضرت مسیح موعود کس کے مظہر تھے؟
صفحہ 380 تا 381
☆ سیدنا حضرت مسیح موعود نے جس وقت نزول المسیح لکھی اس وقت کتنے احباب بیعت کنندگان میں شامل تھے؟ صفحہ 382
☆ کسوف وخسوف والی حدیث کن کتابوں میں بیان ہوئی ہے؟ صفحہ 385
☆ کون سے دو گروہ لعنتی زندگی رکھتے ہیں؟
صفحہ 386
☆ طاعون کی کون سی قسم سخت بربادی بخش ہے؟ صفحہ 387
☆ اس الہام کا ترجمہ کریں۔ لــــولا الاکرام......۔ صفحہ 387
☆۔اس الہام یعنی لولا الاکرام...... سے کون سی دو باتیں قرار دی ہیں؟
صفحہ 387 تا 388
☆ رسالہ دافع البلاء کتنی تعداد میں شائع ہوا؟
صفحہ 387
☆ سیدنا حضرت مسیح موعود نے کون سی قسم کی طاعون کا قادیان میں نہ پڑنے کا ذکر فرمایا؟
صفحہ 388
☆ سیدنا حضرت مسیح موعود نے کس اخبار کے ریڈر کو جھوٹ بولنے کا سرغنہ قرار دیا ہے؟
صفحہ 387
☆ کون سے اخبار نے حضرت مسیح موعود کے رشتہ دار کے بارہ میں خبر شائع کی اور وہ خبر کیا تھی؟
صفحہ 389
☆ پیسہ اخبار کے ایڈیٹر کا نام کیا تھا؟
صفحہ 388
☆ سیدنا حضرت مسیح موعود نے سلسلہ احمدیہ کے ایک دشمن کی مثال کس نبی کے دشمن سے دی؟
صفحہ 390 تا 391
☆ پیسہ اخبار نے کس چوکیدار کی بیوی کو طاعون سے وفات یافتہ قرار دیا؟ صفحہ 391
☆ پیسہ اخبار نے کن تین طریقوں سے طاعون کے متعلق خبریں شائع کیں؟ صفحہ 388
☆ سرکاری کتاب میں دو چوکیداروں کی موت کا سبب کیا بیان ہوا؟ صفحہ 392
☆ جس گاؤں یا شہر میں خدا کی طرف سے کوئی مرسل آتا ہے وہ جگہ نسبتی طور پر کیا کہلاتی ہے؟
صفحہ 394
☆ حدیثوں میں مکہ معظمہ اور مدینہ منورہ کو کس نام سے بیان کیا ہے؟ صفحہ 394
☆ حدیث کی کن معتبر کتابوں میں طاعون کی پیشگوئی کی گئی ہے؟ صفحہ 396
☆ شیعہ کتب حدیث میں کسوف خسوف والی روایت کس امام سے روایت کی گئی ہے؟
صفحہ 396
☆ کس بیماری کا پھیلنا مہدی معہود کا معجزہ بیان ہوا؟ صفحہ 397
☆ کس ماہ میں امام مہدی کی صداقت کے بارہ میں عظیم الشان نشان کی پیشگوئی کی گئی ہے؟
صفحہ 397
☆ حضرت مسیح موعود کی صداقت کیلئے زمین کیا نشان دکھلائے گی؟ صفحہ 397
☆ حضرت عیسیٰؑ کے وقت کن دو نشانوں کا ظہور ہوا؟ صفحہ 397
☆ حضرت عیسیٰؑ کس دن صلیب پر چڑھائے گئے؟ صفحہ 396
☆ حضرت مسیح موعود کو لوگوں سے نرمی اور ملاطفت کے بارے میں کیا الہام ہوا؟ صفحہ 400
☆ سیدنا حضرت مسیح موعود کو بیت الفکر اور بیت الذکر کے بارے میں کیا الہام ہوا؟ صفحہ 401
☆ قادیان کے بارہ میں اللہ تعالیٰ نے کیا وحی کی تھی؟ صفحہ 401۔402
☆ سیدنا حضرت مسیح موعود نے تکبر کے بارہ میں جماعت کو کیا نصیحت فرمائی؟ صفحہ 402
☆ طاعون کے بارہ میں براہین احمدیہ کے علاوہ کن کتب میں پیشگوئی بیان ہوئی ہے؟
صفحہ 403
☆ سیدنا حضرت مسیح موعود نے طاعون کے بارہ میں کیا خواب دیکھا؟ صفحہ 404
☆ حضرت مسیح موعود کے زمانہ میں کون سی سواری بیکار ہونے کی پیشگوئی کی گئی تھی؟ صفحہ 406
☆ حضرت مسیح موعود کے دور میں کس ستارہ کے نکلنے کی پیشگوئی تھی؟ صفحہ 406
☆ سیدنا حضرت مسیح موعود نے حضرت خلیفۃ المسیح الاول کے بیٹے کے بارہ میں کیا پیشگوئی فرمائی تھی؟ صفحہ 407
☆ سیدنا حضرت مسیح موعود نے عبد الحق غزنوی کی زندگی میں کس نشان کے پورا ہونے کی پیشگوئی فرمائی؟ صفحہ 407
☆ سیدنا حضرت مسیح موعود کے تین دشمنوں کے نام لکھیں جو سیدنا حضرت مسیح موعود کی زندگی میں ہی مرے؟۔ صفحہ 409۔410
☆ سیدنا حضرت مسیح موعود نے کن دو سلطنتوں کے درمیان صلح کا ذکر کیا ہے؟ صفحہ 410
☆ مسیح موعود کا نام ''حَکَم'' کیوں رکھا گیا؟
صفحہ 412
☆ یہود کا نزول المسیح کے بارہ میں کیا عقیدہ تھا؟ صفحہ 413
☆ سورۃ الفاتحہ میں مسلمانوں کے بارہ میں کیا مخفی پیشگوئی بیان ہوئی ہے؟ صفحہ 414
☆ سیدنا حضرت مسیح موعود نے طاعون کے بارہ میں ایک رؤیا دیکھی جس میں ایک جانور دیکھا رؤیا کا مضمون بیان کریں؟ صفحہ 415-416
☆ دابۃ الارض سے کیا مراد ہے؟ صفحہ 416
☆ سیدنا حضرت مسیح موعود کو ایک الہام ہوا کہ جو تیری اہانت کرے گا الہام کیا تھا عربی میں لکھیں؟
صفحہ 447
☆ اللہ تعالیٰ نے حضرت مسیح موعود کے خاندان کے بارہ میں کیا الہام کیا ہے؟ اور اس کے پورا ہونے کا ذکر کریں؟ صفحہ 502
☆ رؤیت اور یقین کا خاصہ کیا ہے؟
صفحہ 488
☆ گناہ اور فسق وفجور کا علاج کیا ہے؟
صفحہ 488
☆ کس وحی میں سیدنا حضرت مسیح موعود کو رسول کہا گیا ہے؟ صفحہ 456
☆ جو الہام خدا کی طرف سے ہو اس کی کیفیت کیا ہوتی ہے؟ صفحہ 463
☆ الہام مکمل کریں'' دنیا میں ایک نذیر آیا......؟ صفحہ 466۔467
☆ انسان اس دار الظلمات میں کب نجات پا سکتا ہے؟ صفحہ 485
☆ قرآن کریم جیسا عظیم الشان معجزہ کس بات کا تقاضا کرتا ہے؟ صفحہ 486
☆ کیا ناپاکوں کے دلوں پر معجزہ کا کوئی اثر ہوتا ہے قرآنی آیات پیش کریں؟ صفحہ 486
☆ برکات اور یقین کے حصول کا ذریعہ کیا ہے؟ صفحہ 486
☆ وہ کلام جو یقین کے مرتبہ سے کم تر ہو اُس کا کیا مقام ہے؟ صفحہ 486
☆ **اھدنا الصراط** ...... میں کس انعام کی اُمید ہے؟ صفحہ 487
☆ انعامات میں سے بزرگ تر انعام کیا ہے؟
صفحہ 487
☆ کیا وہ انعامات جو گزشتہ امتوں کیلئے رکھے گئے تھے مسلمانوں کیلئے بھی ہیں؟ صفحہ 487
☆ سچی محبت میں کیا خوف رہتا ہے؟
صفحہ 488
☆ کون سا شخص گناہ سے روک لیا جاتا ہے؟
صفحہ 488
☆ نجات کی جڑ اور ذریعہ کیا ہے؟
صفحہ 489
☆ پہلی الہامی کتابوں کی موجودگی میں قرآن کریم کی کیا ضرورت ہے؟ صفحہ 490
☆ مردود مذہب کی کیا نشانی ہے؟
صفحہ 492
☆ رحمانی الہام کی کیا نشانی ہے؟
صفحہ 492 تا 493
☆ حضرت مسیح موعود کے والد نے کس عمر میں وفات پائی؟ صفحہ 494
☆ حضرت مسیح موعود نے الیس اللہ ...... کی انگوٹھی کب اور کیوں بنوائی؟
صفحہ 494 تا 495
☆ اللہ تعالیٰ نے حضرت مسیح موعود کو اپنی نصرت کا وعدہ کن الفاظ میں کیا؟ صفحہ 497
☆ نصرت الٰہی کا وعدہ حضرت مسیح موعود کی زندگی میں کیسے پورا ہوا؟ صفحہ 499 تا 498
☆ حضرت مسیح موعود نے نصرت الٰہی کے پورا ہونے کے کون کون سے گواہان تحریر فرمائے؟
صفحہ 500
☆ حضرت مسیح موعود نے حضرت آدمؑ سے تشبیہ کی کیا تشریح فرمائی؟ صفحہ 504
☆ حضرت عیسیٰؑ اور اپنے مابین حضرت آدمؑ کی مشابہت میں کیا فرق بیان فرمایا؟ صفحہ 505
☆ امام مہدی کے متعلق سورج چاند گرہن کی پیشگوئی کس کتاب میں ہے اور راوی کون ہے؟
صفحہ 506
☆ سورج چاند گرہن کی پیشگوئی کی تفصیل بیان کریں؟ صفحہ 506 تا 507
☆ کثرت جماعت کا وعدہ اللہ تعالیٰ نے کس الہام سے کیا ہے؟ صفحہ 509
☆ کتاب نزول المسیح تحریر ہونے تک جماعت کی کیا تعداد ہو گئی تھی؟ صفحہ 517
☆ خدا تعالیٰ کن تین حیثیتوں میں دنیا میں کام کرتا ہے؟ صفحہ 517
☆ **ثلۃ من** ...... کا کیا مفہوم ہے؟
صفحہ 518
☆ آریہ شرمپت کے بھائی بشمبر داس کے بارہ میں حضور نے کیا واقعہ بیان فرمایا؟ صفحہ 520
☆ حضرت مسیح موعود نے پیر مہر علی شاہ کی کتاب سیف چشتیائی کے بارہ میں کیا فرمایا؟
صفحہ 431

☆ لدھیانہ کے تین مولویوں کے نام تحریر کریں جو حضرت مسیح موعود کے مقابل پر گندے اشتہار لکھنے کے بعد مر گئے؟ صفحہ 524

☆ حضرت مسیح موعود کو اپنی شادی کے بارہ میں کیا الہام ہوا اور یہ الہام کس رنگ میں پورا ہوا؟ صفحہ 524

☆ اللہ نے مخالفت کی آگ سے کس طرح حضرت مسیح موعود کو بچایا اور وہ الہام کیا ہے؟ صفحہ 528

☆ قُلنَا یَانَا رُ...... الہام کس کے متعلق ہے؟ صفحہ 538

☆ باوا نانک کے بارہ میں حضور نے کیا تحریر فرمایا ہے؟ صفحہ 582-584

☆ عبد اللہ آتھم کون تھا اور اس کے ساتھ مباحثہ کا ذکر کریں؟ صفحہ 541-542

☆ عبد اللہ آتھم کے متعلق حضور کی کون سی پیشگوئی پوری ہوئی تفصیل سے ذکر کریں؟ صفحہ 543 تا 547

☆ لیکھرام کے متعلق حضور کی کون سی پیشگوئی ہے اور وہ پیشگوئی کس طرح پوری ہوئی؟ صفحہ 548 تا 554

☆ سید احمد خان کا دعا کے بارہ میں کیا عقیدہ تھا؟ صفحہ 558

☆ لیکھرام کی موت سے قبل حضرت مسیح موعود نے سید احمد خان کو کیا تحریر فرمایا؟ صفحہ 559

☆ لیکھرام کی موت کا واقعہ تحریر کریں۔ صفحہ 560-563

☆ لیکھرام کی پیشگوئی میں عید کے دن کا کیا تعلق ہے؟ صفحہ 560

☆ حضرت مسیح موعود نے حضرت حکیم مولوی نورالدین کے کس بیٹے کے بارہ میں قبل از وقت اطلاع دی اور پیشگوئی کی تھی؟ صفحہ 567

☆ انی مھین ...... کے بارہ حضرت مسیح موعود نے کیا فرمایا ہے؟ صفحہ 567

☆ سید احمد خان کے بارہ حضرت مسیح موعود نے کیا پیشگوئی فرمائی اور یہ کس طرح وقوع پذیر ہوئی؟ صفحہ 569

☆ حضرت مسیح موعود نے پیشگوئی مصلح موعود کب کی؟ صفحہ 570

☆ جلسہ مذاہب کب اور کہاں منعقد ہوا؟ صفحہ 573

☆ پیر مہر علی شاہ نے کس کتاب کا جواب لکھا؟ صفحہ 572

☆ حضرت مسیح موعود نے جلسہ مذاہب میں سنانے کیلئے جو مضمون لکھا اس کے متعلق کیا الہام ہوا؟ صفحہ 573

☆ حضور کی بیٹی مبارکہ بیگم کی پیدائش کب ہوئی؟ صفحہ 580

☆ حضرت مسیح موعود نے شیخ مہر علی رئیس ہوشیار پور کے بارہ میں کیا خواب دیکھا اور اُسے کیا ابتلاء پیش آیا؟ صفحہ 579

☆ اپنی شادی کے متعلق حضور کو کیا الہام ہوا؟ صفحہ 586

☆ الہام ''والسمآء والطارق'' کس بارہ میں تھا؟ صفحہ 585

☆ جملہ مکمل کریں ''(دین حق) کی لڑائیاں دین پھیلانے کیلئے نہیں تھیں بلکہ......''؟ صفحہ 632

☆ ایک مولوی نے کتاب نبراس میں حضور کے بارہ میں کیا بددعا شائع کی اور یہ بددعا کس طرح اُن پر ہی واپس لوٹ گئی؟ صفحہ 580

☆ کون کون سے مولوی حضور کی دعا سے اللہ تعالیٰ نے ہلاک کیے؟ صفحہ 581

☆ حضرت مسیح موعود کو بیماری سے شفاء کس دعا کی بدولت ہوئی دعا تحریر کریں؟ صفحہ 586

☆ اہل تشیع کے کس مولوی نے حضور سے نشان طلب کیا؟ صفحہ 587

☆ مرزا امام الدین اور مرزا نظام الدین کون تھے ان کے بارہ میں کیا پیشگوئی کی گئی؟ صفحہ 589

☆ و لقد لبثت ...... کے متعلق حضور نے کیا فرمایا ہے؟ صفحہ 590

☆ امام بی بی کے بارہ میں حضور کی کیا پیشگوئی ہے؟ صفحہ 592

☆ حضور کے کن تین اعضاء کے بارہ میں رحمت کے نزول کی پیشگوئی کی گئی ہے؟ صفحہ 592

☆ مرزا امام الدین اور مرزا نظام الدین نے دیوار کھینچ کر کس طرح حضور کو تکلیف پہنچائی اور کس طرح اس تکلیف سے رہائی ملی؟ صفحہ 594

☆ مرزا غلام قادر کون تھے اور ان کے بارہ میں حضور نے کیا خواب دیکھا؟ صفحہ 595

☆ مبارک احمد پسر چہارم کے بارہ میں حضور کا خواب درج کریں۔ صفحہ 598

☆ وہ کون سا انتظام ہے جو خدا تعالیٰ نے انسان کو یقین کے مرتبہ تک پہنچانے کیلئے کیا ہے؟ صفحہ 490

☆ دلیپ سنگھ کے بارہ میں حضرت مسیح موعود کا کشف بیان کریں؟ صفحہ 604

☆ برق طفلی بشیر کا کیا واقعہ ہے؟ صفحہ 608

☆ حضور کی دعا سے مردے زندہ ہونے کا واقعہ بیان کریں؟ صفحہ 613

☆ سُرخ چھینٹوں کے بارہ کیا واقعہ پیش آیا اور کون سے (رفیق) اس واقعہ کے گواہ ہیں؟ صفحہ 604 تا 606

☆ ثابت کریں کہ نجات کیلئے ایک شفیع کی ضرورت ہے؟ صفحہ 656

☆ مولوی عبداللہ غزنوی کون تھا اور اس کے متعلق حضور نے کیا رؤیا دیکھا؟ صفحہ 614 تا 616

## گناہ سے نجات کیونکر مل سکتی ہے

☆ ومن دخلہ ...... سے کون سی بیت الذکر مراد ہے اور اس الہام میں کن تین نشانات کا ذکر ہے؟ صفحہ 525

☆ حضرت اقدس نے رسالہ گناہ سے نجات کے لکھنے کی کیا غرض بیان فرمائی؟ صفحہ 623

☆ حضرت اقدس نے اس زمانہ کے لوگوں کو اسفل السافلین قرار دے کر ان کی کیا حالت بیان کی ہے؟ صفحہ 623

☆ یقین کی روشنی صرف آسمان سے اس آفتاب کے ذریعہ آتی ہے جو امام الوقت ہوتا ہے وضاحت کریں؟ صفحہ 624

☆ امام کو شناخت نہ کرنے کی مثال کیا بیان فرمائی ہے؟ صفحہ 624

☆ نیکی کی طرف کشش کب پیدا ہوتی ہے؟ صفحہ 624

☆ حضرت اقدس نے کون سے دنوں کو سخت خوفناک قرار دیا ہے؟ صفحہ 624

☆ دنیا کا خاتمہ کس قسم کی لڑائی پر ہوگا؟ صفحہ 624-625

☆ آسمان سے نورانی فرشتوں کے ساتھ اترنے والے مظہر کا نام کیا ہے؟ صفحہ 625

☆ زمین سے تمام شیطانی تاریکیوں کو لے کر ظاہر ہونے والے کا نام بتائیں؟ صفحہ 625

☆ خدا تعالیٰ کا روحانی سلسلہ جسمانی سلسلہ کے بالکل مطابق ہے وضاحت کریں؟ صفحہ 625

☆ شیطان کے قید رکھنے کا زمانہ کتنا ہے؟ صفحہ 626

☆ نبیوں کی پیشگوئیوں کی رو سے شیطان کے چھوٹنے کا زمانہ کتنے برس کا ہے؟ صفحہ 626

☆ دنیا کی ابتداء سے یعنی آدم کے ظہور سے آج تک کتنے ہزار برس گزر گئے ہیں؟ صفحہ 627

☆ آدم کی پیدائش کا دن کون سا ہے۔ پانچواں یا چھٹا دن؟ صفحہ 627

☆ آدم ثانی کا مقام جو خدا کے ہاتھ سے تجویز کیا گیا ہے شرقی ہے یا غربی؟ صفحہ 627

☆ خدا کی کتابوں کی رو سے ایک ہزار برس کتنے دنوں کے برابر ہے؟ صفحہ 627

☆ مسیح موعود کا زمانہ کس قسم کی لڑائی کا زمانہ ہے؟ صفحہ 627

☆ اب تو ایک جدید مینار کی ضرورت ہے جو زمین پر تیار ہو وہ مینار کیا چیز ہے؟ صفحہ 628

☆ مینار کی بلندی اور مضبوطی سے کیا مراد ہے؟ صفحہ 628

☆ مسیح موعود مینار کے پاس اترے گا اترنے سے کیا مراد ہے؟ صفحہ 628

☆ مسیح موعود کا آنا دو رنگ میں ہوگا وضاحت کریں؟ صفحہ 629

☆ مسیح موعود کی آمد اول میں مخالفین ان سے کیسا سلوک کریں گے؟ صفحہ 629

☆ مسیح موعود کی جلالی آمد کن حالات میں ہوگی؟ صفحہ 630

☆ حضرت اقدس نے حقیقی دین کو پھیلانے کیلئے تلوار استعمال کرنے والوں کے متعلق کیا فرمایا؟ صفحہ 630

☆ اگر جہاد اب جائز نہیں تو (دین حق) میں اول زمانہ میں کیوں تلوار سے کام لیا گیا؟ صفحہ 631-632

☆ (دین حق) میں کون سی خرابیاں پیدا ہوگئی ہیں جو ایک مصلح کا تقاضا کر رہی ہیں؟ صفحہ 636

☆ خدا کے قانون نے انسانوں کے لئے کون سے تین حقوق قائم کئے تھے؟ صفحہ 636

☆ حضرت اقدس نے احمق اور نفس پرست مولویوں کی نسبت کیا فرمایا؟ صفحہ 636 تا 637

☆ حضرت اقدس نے آجکل کے مسلمانوں کو عملی لحاظ سے کن دو گروہوں میں تقسیم فرمایا ہے؟ صفحہ 637

☆ مسلمانوں کا وہ گروہ جس نے افراط کی راہ اختیار کی ہے ان کی عملی حالت کیا ہے؟ صفحہ 637

☆ مسلمانوں میں تفریط کے گروہ کی کیا عملی حالت بیان کی گئی ہے؟ صفحہ 637-638

☆ وضاحت کریں کہ مسلمانوں کے امور معاشرت میں افراط و تفریط پائی جاتی ہے؟ صفحہ 638

☆ عیسائیوں اور مسلمانوں میں افراط و تفریط کی رو سے مابہ الامتیاز کیا ہے؟ صفحہ 639

☆ دنیا میں نفسانی خواہشوں کو پورا کرنے کے لئے بڑے بڑے دو گناہ کون سے ہیں؟ صفحہ 641

☆ تمام گناہوں کی جڑ کیا چیز ہے؟ صفحہ 641

☆ جملہ مکمل کریں ''شراب اور تقویٰ ہرگز......''؟ صفحہ 641

☆ اگر خون مسیح گناہوں سے پاک نہیں کرسکتا تو پھر گناہوں سے پاک ہونے کا کیا علاج ہے؟ صفحہ 641

☆ حضرت اقدس نے عارف کامل کی کیا تعریف بیان فرمائی؟ صفحہ 642

☆ ایمان اور عرفان میں کیا فرق ہے؟ صفحہ 642

☆ حضرت اقدس نے کن گناہوں کی تفصیل

بیان کی جو خدا کی نظر میں قابل سزا ہیں؟ صفحہ 643

☆ باوجود اس کے کہ ہم جانتے ہیں کہ خدا موجود ہے اور گناہ کی سزا ہوگی پھر بھی ہم سے گناہ کیوں ہوتا ہے؟ صفحہ 643-644

☆ کون سی دو چیزیں گناہ سے چھڑاتی ہیں؟ صفحہ 645

☆ حقیقی نجات کی فلاسفی کیا ہے؟ صفحہ 645

☆ وہ کون سا پانی ہے جس سے تم سیراب ہو جاؤ گے اور گناہ کی سوزش اور جلن جاتی رہے گی؟ صفحہ 646

☆ حضرت اقدس نے اس دل کی مثال کس سے دی ہے جس کو خدا کا علم دیا گیا ہے اور یقین بخشا گیا ہے؟ صفحہ 650

☆ حضرت اقدس نے یقین کے صاف پانی کی کیا حقیقت بیان فرمائی؟ صفحہ 650-651

## عصمت انبیاء

☆ نجات کس طرح مل سکتی ہے؟ صفحہ 655

☆ صفات لاہوتی سے کیا مراد ہے؟ صفحہ 656

☆ صفات ناسوتی سے کیا مراد ہے؟ صفحہ 656

☆ شفاعت کی فلاسفی بیان کریں؟ صفحہ 657

☆ شفیع کے لئے دو طرفہ اتحاد کا حاصل ہونا ضروری ہے دو طرفہ اتحاد سے کیا مراد ہے؟ صفحہ 657

☆ لغت میں شفع کے کیا معنی ہیں؟ صفحہ 657

☆ کامل انسان کی نشانی کیا ہے؟ صفحہ 658

☆ خدا کی روح سے کیا مراد ہے؟ صفحہ 657

☆ الوہیت کی روشنی کا دوسرا نام کیا ہے؟ صفحہ 657

☆ آدم کی فطرت میں ابتداء سے ہی دو قسم کے تعلقات قائم کردیئے وضاحت کریں؟ صفحہ 657 تا 659

☆ خدا نے آدم میں اس کی پیدائش کے ساتھ ہی اپنی روح پھونک دی وضاحت کریں؟ صفحہ 657

☆ فرشتوں کو آدم کے آگے سجدہ کرنے سے کیا مراد ہے؟ صفحہ 658

☆ شفاعت کی حقیقت بیان کریں؟ صفحہ 659

☆ خدا نے حوا کو آدم کی پسلی سے کیوں نکالا؟ صفحہ 660

☆ کامل انسان کے لئے جو شفیع ہوسکتا ہے کون سے دو تعلقات ضروری ٹھہرائے گئے؟ صفحہ 660

☆ خدا نے سب سے پہلے آدم کی محبت کا مصداق کس کو بنایا؟ صفحہ 661

☆ جو شخص اپنی بیوی سے محبت نہیں کرتا کیا وہ دوسروں کی شفاعت کرسکتا ہے؟ صفحہ 661

☆ جو شخص کوئی بیوی نکاح میں لاتا ہے وہ کس چیز کی بنیاد ڈالتا ہے؟ صفحہ 661

☆ عصمت کا شفاعت سے کیا تعلق ہے؟ صفحہ 661

☆ عصمت کا مفہوم کیا ہے؟ صفحہ 661

☆ گناہ کی کیا تعریف ہے؟ صفحہ 661

☆ گناہ کی تعریف کی روح سے کیا نابالغ بچے اور پیدائشی مجنون قابل سزا ہیں یا معصوم؟ صفحہ 662

☆ شفیع کے لئے خدا سے تعلق کی کیا کیفیت ہونی چاہئے؟ صفحہ 663

☆ شفیع جس کے لئے وہ شفاعت کرنا چاہتا ہے کے ساتھ تعلق کی کیا کیفیت ہوتی ہے؟ صفحہ 663

☆ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے شفیع ہونے کی شان میں قرآن شریف میں کیا اشارہ ہے؟ صفحہ 663 تا 664

☆ آنحضور کے الٰہی قرب کی نسبت قرآن کریم میں کیا ارشاد ہے؟ صفحہ 664

☆ خدا کا سچا اور حقیقی پرستار کون ہوتا ہے؟ صفحہ 664-665

☆ عربی لغت میں نسیکہ کے کیا معنی ہیں؟ صفحہ 665

☆ حضرت اقدس نے لفظ قربانی کی کیا تشریح فرمائی ہے؟ صفحہ 665

☆ دَلوْ کے کون سے دو معنی بیان ہوتے ہیں؟ صفحہ 666

☆ تدلّی کے معنی بیان کریں؟ صفحہ 666

☆ ثابت کریں آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کا وجود خدا کی تجلیات کے پورے مشاہدے کے لئے ایک آئینہ کی طرح تھا؟ صفحہ 666

☆ ایک شخص دوسرے شخص سے کن دو باتوں کی وجہ سے محبت کرتا ہے؟ صفحہ 666

☆ ثابت کریں کہ احسان محبت کی تحریک کرتا ہے؟ صفحہ 667

☆ کتے کی سیرت اور خصلت کیا ہے؟ صفحہ 667

☆ ثابت کریں کہ حسن محبت کا موجب ہے؟ صفحہ 667

☆ حضرت اقدس نے حسن کی کیا تعریف بیان کی ہے؟ صفحہ 667-668

☆ احسان اور حسن اخلاق اور حسن صفات میں کیا فرق ہے؟ صفحہ 668

☆ خدا کے ساتھ تعلق شدید پیدا ہونے کے لئے کیا ضروری ہے؟ صفحہ 669

☆ خدا کے احسان سے کیا مراد ہے؟ صفحہ 669

☆ خدا کے حُسن سے کیا مراد ہے؟ صفحہ 669

☆ قوت پانے کے لئے خدا کے کلام میں کیا الفاظ مقرر ہیں؟ صفحہ 671

☆ استغفار کے حقیقی اور اصلی معنی کیا ہیں؟ صفحہ 671

☆ غفر کے کیا معنی ہیں؟ صفحہ 671

☆ قیوم کے کیا معنی ہیں؟ صفحہ 671

☆ خدا کی خالقیت انسان پر کیا احسان کرتی ہے؟ صفحہ 671

☆ خدا کی قیومیت انسان پر کیا احسان کرتی ہے؟ صفحہ 672

☆ کس صفت الٰہی کے فیض کو حاصل کرنے کے لئے دائمی استغفار کی ضرورت ہے؟ صفحہ 672

☆ استغفار کا مفہوم بیان کریں؟ صفحہ 672

☆ معصوم انسان کو خدا سے طاقت طلب کرنے کی ضرورت کیوں پڑتی ہے؟ صفحہ 673

☆ ذَنب اور جرم میں کیا فرق ہے؟ صفحہ 674-675

☆ انسانی کمزوری کا نام قرآن شریف میں کیا رکھا گیا؟ صفحہ 675

☆ کمزوری فطرت کا کیا علاج ہے؟ صفحہ 676

☆ استغفار کی حقیقت بیان کریں؟ صفحہ 676

☆ گناہ کے مرتکب انسانوں کے استغفار کا کیا مطلب ہے؟ صفحہ 676

☆ معصوم کا استغفار کرنا کیا معنی رکھتا ہے؟ صفحہ 677

☆ انسان کو شفاعت کی کیوں ضرورت ہے؟ صفحہ 678

☆ وہ نور جو نبی کی پیروی کرنے والے کو ملتا ہے جس سے گناہ کے جذبات دور ہوجاتے ہیں وہ کیا چیز ہے؟ صفحہ 681-682

☆ وہ کون سی پانچ چیزیں ہیں جو نور کے طور پر روح القدس کے ساتھ سچی پیروی کرنے والوں کے دل پر نازل ہوتی ہیں؟ صفحہ 681 تا 682

☆ مثالوں سے ثابت کریں کہ پاک معرفت گناہ سے روکتی ہے؟ صفحہ 682

☆ کیا مجرد عقلمند جس کو آسمان سے کوئی روشنی نہیں ملی خدا تعالیٰ پر کامل یقین کرسکتا ہے؟ صفحہ 683

☆ الہام "یہ تیرے لیے اور تیرے ساتھ کے درویشوں کے لئے ہے" کس بارہ میں ہے؟ صفحہ 585

☆ آسمانی نور سے کیا مراد ہے؟ صفحہ 683-684

☆ خدا کی ہستی پر ایمان لانے کے لحاظ سے مسلمانوں اور عیسائیوں میں کیا فرق ہے؟ صفحہ 685-686

☆ حضرت مسیحؑ کے معجزات کے بارہ میں حضرت مسیح موعودؑ نے کیا فرمایا ہے؟ صفحہ 687-688

☆ کیا مسیحؑ کی خدائی گناہ سے روک سکتی ہے؟ صفحہ 688-689

☆ دنیا میں جس قدر جھوٹے خدا بنائے گئے ہیں ان کی مثال کس جانور سے دی گئی ہے؟ صفحہ 690

☆ ہندوؤں کے سلام کے الفاظ کیا ہیں؟ صفحہ 690

☆ ہندو اپنے پرمیشر رام چندر کو کس نام سے پکارتے ہیں؟ صفحہ 690

☆ کن اسباب کی وجہ سے یسوع ابن مریم کو خدا بنایا گیا؟ صفحہ 691-692

☆ توریت کا بنیادی پتھر کیا ہے؟ صفحہ 693

☆ قرآن کریم کی رو سے آنحضرت ﷺ کے اقوال وافعال بیان کریں؟ صفحہ 694

☆ آنحضور ﷺ کے حالات کا یسوع مسیح کے حالات سے موازنہ کریں؟ صفحہ 695-696

☆ حضرت مسیح موعود کی کتنی دعائیں قبول ہوئیں؟ صفحہ 697

☆ حضرت مسیح موعود نے معجزات اور پیشگوئیوں کی رو سے اپنے اور یسوع مسیح میں کیا موازنہ فرمایا؟ صفحہ 697

☆ حضرت مسیح موعود نے مقام اور ظہور کے زمانہ کی رو سے مسیح (موعود) اور مسیح موسوی کا کس رنگ میں موازنہ کیا؟ صفحہ 698

☆ کیا انجیلوں سے حضرت مسیح ابن مریم کی عصمت ثابت ہوتی ہے؟ صفحہ 699

☆ آخرت میں شفیع کون ہوسکتا ہے؟ صفحہ 699

☆ آنحضرت ﷺ کی شفاعت کے اثرات بیان کریں؟ صفحہ 699-700

☆☆☆☆☆☆☆☆

## چھلکا یا مغز

حضرت مسیح موعود فرماتے ہیں:

"یہ مت خیال کرو کہ صرف بیعت کر لینے سے ہی خدا راضی ہوجاتا ہے۔ یہ تو صرف پوست ہے۔ مغز تو اس کے اندر ہے۔ اکثر قانون قدرت یہی ہے کہ ایک چھلکا ہوتا ہے اور مغز اس کے اندر ہوتا ہے۔ چھلکا کوئی کام کی چیز نہیں ہے۔ مغز ہی لیا جاتا ہے۔ بعض ایسے ہوتے ہیں کہ ان میں مغز رہتا ہی نہیں اور مرغی کے ہوائی انڈوں کی طرح جن میں نہ زردی ہوتی ہے نہ سفیدی، جو کسی کام نہیں آسکتے اور ردّی کی طرح پھینک دیے جاتے ہیں ...... اسی طرح پر وہ انسان جو بیعت اور ایمان کا دعویٰ کرتا ہے اگر وہ ان دونوں باتوں کا مغز اپنے اندر نہیں رکھتا۔ تو اُسے ڈرنا چاہئے کہ ایک وقت آتا ہے کہ وہ اُس ہوائی انڈے کی طرح ذرا سی چوٹ سے چکنا چور ہوکر پھینک دیا جائے گا۔

اسی طرح جو بیعت اور ایمان کا دعویٰ کرتا ہے اُس کو ٹٹولنا چاہئے کہ کیا میں چھلکا ہی ہوں یا مغز؟ جب تک مغز پیدا نہ ہو ایمان، محبت، اطاعت، بیعت، اعتقاد، مریدی اور (دین حق) کا مدعی سچا مدعی نہیں۔" (ملفوظات جلد اوّل صفحہ 416)

مرسلہ: وکیل المال اوّل تحریک جدید

# تحریک جدید اور تزکیہ نفس

اللہ تعالیٰ قرآن کریم میں فرماتا ہے:۔

(ترجمہ)''اے ایمان دارو! جو کچھ ہم نے تمہیں دیا ہے اس میں سے اس دن کے آنے سے پہلے کہ جس میں نہ کسی قسم کی (خرید و) فروخت، نہ دوستی اور نہ شفاعت (کارگر) ہوگی (خدا کی راہ میں جو کچھ ہو سکے) خرچ کرلو اور (اس حکم کا) انکار کرنے والے (اپنے آپ پر) ظلم کرنے والے ہیں۔''

(البقرہ 255)

جیسا کہ قرآن کریم میں اللہ تعالیٰ نے ایمان داروں کو مخاطب کر کے اس طرف توجہ دلائی ہے کہ خدا کی راہ میں خرچ کرنے میں جس قدر جلدی ہو سکے کرنی چاہئے ایسا ہی ہمارے پیارے آقا حضرت محمد ﷺ نے نصیحت فرمائی:۔

''کہیں ایسا نہ ہو خدا کی راہ میں مال خرچ کرنے کے لئے زندگی کے آخری لمحات کا انتظار کرتے رہو، جب جان کنی کا وقت آجائے تو یہ فیصلے کرنے بیٹھو کہ اچھا اب اتنا فلاں کو دے دو اور اتنا فلاں کو۔''

(بخاری کتاب الزکوٰۃ)

چندہ تحریک جدید کی ادائیگی کا طریق قرآن و سنت کی روشنی میں حضرت مصلح موعود نے یہ بیان فرمایا:۔

''بعض ایسے لوگ ہیں جو ادائیگی میں سستی کرتے ہیں وہ خیال کرتے ہیں کہ آخری دن ادا کر دیں گے۔ حالانکہ مومن کو چاہیے کہ پہلے ہی دن ادا کردے یا پھر ہر ماہ ادا کرتا چلا جاوے۔ کیا پتہ کہ وہ آخری دن تک زندہ بھی رہے یا نہ رہے جو شخص یہ سمجھتا ہے کہ میں اگست میں ادا کردوں گا، اسے کیا علم کہ وہ اگست تک زندہ بھی رہے گا یا نہیں لیکن جس نے نومبر میں وعدہ لکھوایا اور پھر کچھ دسمبر میں ادا کیا کچھ جنوری میں، کچھ فروری میں اور بعد میں فوت ہو گیا تو اللہ تعالیٰ کی نگاہ میں وہ ادا کرنے والوں میں شمار ہو گا۔ نادہندوں میں نہیں۔ کیونکہ جب تک وہ زندہ رہا برابر ادا کرتا رہا۔ لیکن جو شخص ایک بھی قسط ادا نہیں کرتا وہ اگر فوت ہو جائے تو اللہ تعالیٰ ضرور دریافت کرے گا کہ تم نے ادائیگی کے لئے کیا تیاری کی تھی؟۔''

(الفضل 11/ اپریل 1940ء)

جماعت میں چندوں کا مربوط نظام قائم ہے۔ لیکن بعض ایسی روایات جو از خود جماعتوں نے قائم کر لی ہیں کہ فلاں وقت میں فلاں چندہ دینا ہے اور دوسرے چندوں کو روک لینا ہے۔ ایسی روایات کی ہمارے موجودہ امام حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے نفی کرتے ہوئے فرمایا:۔

''جہاں تک چندوں کے بقایوں کا سوال ہے۔ یہ جماعت کا ایک مزاج بھی ہے کہ اکتوبر تک ہم نے تحریک جدید کا چندہ پورا کرنا ہے۔ دسمبر تک ہم نے وقف جدید کا چندہ پورا کرنا ہے اور پھر فروری، مارچ اور اپریل میں زیادہ زور دے کر جون میں جماعتی لازمی چندہ جات پورے کرنے ہیں۔ اس مزاج کو ضروری نہیں کہ قائم رکھا جائے۔ اچھی روایات ہوتی ہیں ان کو قائم رکھنا بڑا ضروری ہوتا ہے۔ لیکن جو روایات اچھی نہ ہوں ان کی اصلاح کی طرف توجہ دینی چاہئے۔ میں پہلے کہہ چکا ہوں کہ 6 مہینے کا بقایادار ہونا صرف ان کے لئے ہے جن کی 6 مہینے بعد آمد ہوتی ہے۔ باقی لوگوں کو کوشش کرنی چاہئے کہ ہر مہینے جو بھی چندہ انہوں نے ادا کرنا ہے اپنی ماہانہ آمد میں سے فکس (Fix) کریں اور نکال کے علیحدہ دیں۔''

(الفضل انٹرنیشنل 19 فروری 2010ء)

حضرت اقدس مسیح موعود کا ایک اقتباس چندہ جات کی ادائیگی کے بارے میں پیش ہے آپ فرماتے ہیں:۔

''جو شخص اپنی حیثیت کے موافق کچھ ماہواری دینا چاہتا ہے وہ اس کو حق واجب اور دین لازم کی طرح سمجھ کر خود بخود ماہوار اپنی فکر سے ادا کرے اور اس فریضہ کو خالصةً للہ نذر مقرر کر کے اس کے ادا میں تخلّف یا سہل انگاری کو روا نہ رکھے اور جو شخص یکمشت امداد کے طور دینا چاہتا ہے وہ اس طرح ادا کرے لیکن یاد رہے کہ اصل مدّعا جس پر اس سلسلہ کے بلا انقطاع چلنے کی امید ہے وہ یہی انتظام ہے کہ سچے خیر خواہ دین کے اپنی بضاعت اور اپنی بساط کے لحاظ سے ایسی سہل رقمیں ماہواری کے طور پر ادا کرنا اپنے نفس پر ایک حتمی وعدہ ٹھہرا لیں جن کو بشرط نہ پیش آنے کسی اتفاقی مانع کے بآسانی ادا کر سکیں۔ ہاں جس کو اللہ جلشانہ توفیق اور انشراح صدر بخشے وہ علاوہ اس ماہواری چندہ کے اپنی وسعت ہمت اور اندازہ مقدرت کے موافق یکمشت کے طور پر بھی مدد کر سکتا ہے۔''

(فتح اسلام روحانی خزائن جلد سوم صفحہ 33)

قرآن وحدیث، ارشادات خلفاء کرام اور حضرت اقدس مسیح موعود کے ارشاد سے یہی آشکار ہوتا ہے کہ خدا کی راہ میں مالی قربانی میں تاخیر نہیں کرنی چاہئے، چندہ آخر پر دینے کی بجائے شروع میں ادا کر دینا چاہئے یا پھر ماہ بہ ماہ جیسے ہی آمد ہو فوراً چندے الگ کر کے ادا کر دینے چاہئیں۔ اور خود اپنی فکر سے ادا کرنے چاہئیں۔ اللہ تعالیٰ ہم سب کو عمل کی توفیق بخشے۔ آمین

ب۔ خالد

## ناروے کے آئین کو 200 سال مکمل ہونے پر

# ''وطن سے محبت ایمان کا حصہ'' کے موضوع پر تقریب

(زیر اہتمام: لجنہ اماء اللہ جماعت ناروے)

17 مئی 1814ء کا دن ناروے کی تاریخ کا ایک اہم دن ہے اس دن ناروے کا آئین بنا تھا اور اس کی مناسبت سے اسے قومی دن کے طور پر منایا جاتا ہے اور اس سال اس آئین کو دوسو سال مکمل ہو گئے ہیں۔ اس موقع پر لجنہ اماء اللہ نے شعبہ دعوت الی اللہ کے تحت 7 مئی 2014ء کو ایک تقریب کا اہتمام کیا۔ جس کا موضوع تھا ''وطن سے محبت ایمان کا حصہ''۔ اس تقریب کے دعوت نامے مختلف شعبہ ہائے زندگی سے تعلق رکھنے والے لوگوں میں تقسیم کئے گئے۔ اس تقریب کے موقع پر ناروے کے جھنڈے کی مناسبت سے مسرور ہال کو سفید، سرخ اور نیلے رنگوں سے سجایا گیا۔ خاکسار نیشنل صدر لجنہ ممبرات مجلس عاملہ اور دعوت الی اللہ کمیٹی کی ممبرات نے مہمانوں کو خوش آمدید کہا۔ تقریب کا آغاز تلاوت قرآن کریم سے ہوا۔ بعد ازاں استقبالیہ سپاسنامہ اور جماعت کا مختصر تعارف پیش کیا گیا۔

اس موقع پر مقامی کمیونٹی Lorenskog کی ڈپٹی میئر Ragnhild Bergheim نے حاضرین سے خطاب کیا۔ آپ نے اپنے خطاب میں کہا کہ مجھے اس تقریب میں شامل ہو کر بہت خوشی ہوئی ہے اور میں آپ سب کی بہت شکر گزار ہوں۔ اور خواتین کی اس کوشش کو سراہتی ہوں۔

سیکرٹری دعوت الی اللہ مکرمہ انعم سحر اسلام صاحبہ نے ''وطن سے محبت ایمان کا حصہ'' کے موضوع پر مختصر تقریر کی۔ انہوں نے کہا ناروے کے آئین کے دوسو سال مکمل ہونے پر ہم حکومت ناروے کو مبارکباد پیش کرتے ہیں اور آپ تمام معزز مہمانوں کا شکریہ ادا کرتے ہیں۔ جماعت احمدیہ ایک پُرامن مذہبی جماعت ہے اور دنیا میں قیام امن کے لئے اپنے پیارے امام حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ کی راہنمائی میں ہر لمحہ کوشاں ہے اور حضور انور کے قیامِ امن کے خطاب میں سے ایک حصہ بیان کیا گیا۔

اس کے بعد معزز مہمانوں نے اپنے تاثرات کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ ہم اس تقریب میں شامل ہو کر بہت خوش ہیں اور آپ کی اپنے وطن سے محبت دیکھ کر ہمیں دلی مسرت ملی ہے۔

آخر پر خاکسار نے تمام مہمانوں کا شکریہ ادا کیا اور دعا کے ساتھ یہ تقریب اختتام پذیر ہوئی۔ بعد میں مہمانوں کی خدمت میں کھانا پیش کیا گیا اور مہمانوں کو مختلف گروپس کی صورت میں بیت الذکر کا وزٹ بھی کروایا گیا۔

## مہمانوں کے تاثرات:

ہر مہمان نے جماعت کی اس کوشش کو سراہا اور کہا کہ آپ کو ایسی تقریب ہر سال کرنی چاہئے۔ ہمیں بیت الذکر کو دیکھ کر بہت خوشی ہوئی ہے اور جس طرح ہمیں ویلکم کہا گیا وہ بہت اچھا تھا۔ اور آپ کی آپس کی محبت دیکھ کر ہم بہت متاثر ہیں۔ ایک مہمان نے بیت الذکر کے وزٹ کے دوران کہا کہ آپ ہم سے بہت آگے نکل گئے ہیں اور اب ہمارے لوگوں کو آپ سے سیکھنا چاہئے۔

ایک مہمان نے کہا کہ میں آپ لوگوں کی بہت مشکور ہوں کہ آپ نے مجھے بلایا اور یہاں آکر مجھے احساس ہوا کہ اگر میں آج نہ آتی تو ساری زندگی اس کا افسوس رہتا۔

ایک مہمان نے کہا کہ آپ نے نئی نسل کو بہت ایکٹو کیا ہوا ہے ہمیں تو بہت مشکلات ہیں۔

ایک مہمان خاتون نے اظہار کرتے ہوئے کہا کہ میں حد سے زیادہ متاثر ہوئی ہوں۔ میں نے بہت کچھ سیکھا ہے، بائبل پڑھنا پسند کرتی ہوں۔ اب سیرت حضرت محمد ﷺ اور قرآن پڑھوں گی۔ بعض مہمانوں نے مانگ کے قرآن کریم لیا۔

اس موقع پر لٹریچر کا سٹال بھی لگایا گیا تھا اور ہر مہمان نے اس سے استفادہ کیا۔

آخر میں دعا کی درخواست ہے کہ اللہ تعالیٰ ان مغربی قوموں کے دل اپنے نور سے بھر دے اور دین حق کی حسین تعلیم اس ملک کے کونے کونے میں پہنچ جائے۔ آمین

(الفضل انٹرنیشنل 16 مئی 2014ء)

## نماز باجماعت کا اثر

سیدنا حضرت مرزا طاہر احمد خلیفۃ المسیح الرابع نماز باجماعت کی اہمیت اور اس کا اثر بیان کرتے ہوئے فرماتے ہیں۔

اگر ہم ساری دنیا میں یہ کام کرنے میں کامیاب ہو جائیں اور احمدیوں کی بھاری اکثریت نماز پر اس طرح قائم ہو جائے کہ جہاں باجماعت نماز پڑھی جا سکتی ہے۔ وہاں لازماً باجماعت نماز پڑھی جا رہی ہو اور جہاں باجماعت نماز ممکن نہ ہو وہاں انفرادی نماز کا انتظام ہو۔ اس کو تمام شرائط کے ساتھ ادا کیا جائے، توجہ کے ساتھ اور سوز و گداز کے ساتھ ادا کیا جائے۔ تو اس سے اتنی بڑی طاقت پیدا ہو جائے گی کہ ساری دنیا کی طاقتیں مل کر بھی اس جماعت کا مقابلہ نہیں کر سکیں گی۔

(خطبات طاہر جلد 2 صفحہ 199)

# اطلاعات واعلانات

**نوٹ: اعلانات صدر/امیر صاحب حلقہ کی تصدیق کے ساتھ آنا ضروری ہیں۔**

## تقریب آمین

❁ مکرم محمد آصف عدیم صاحب سیکرٹری اصلاح وارشاد دارالصدر جنوبی ربوہ تحریر کرتے ہیں۔

اللہ تعالیٰ کے فضل سے مورخہ 5 جون 2014ء کو بعد نماز مغرب محلّہ دارالصدر جنوبی کے مندرجہ ذیل چھ اطفال کی بیت بلال میں تقریب آمین منعقد کی گئی۔ تقریب کے مہمان خصوصی محترم صاحبزادہ مرزا اعمر احمد صاحب نائب صدر عمومی ربوہ تھے۔

تنزیل احمد عمر 8 سال ولد خاکسار کو اس کی والدہ محترمہ فہمیدہ بانو صاحبہ، ثمر احمد عمر 9 سال ولد مکرم مطہرالدین صاحب کو مکرم قاری ساجد احمد صاحب، کامران احمد عمر 10 سال ولد مکرم فیاض احمد صاحب کو اس کی والدہ، محمد زید عمر 9 سال ولد مکرم محمد مرتضیٰ صاحب کو مکرمہ عطیہ ناصر صاحبہ بنت مکرم ناصر احمد طاہر صاحب، عتیق احمد عمر 8 سال ولد مکرم شفیق احمد صاحب کو اس کے والد مکرم شفیق احمد صاحب اور طارف احمد عمر 9 سال ولد مکرم حافظ محمد اکرم صاحب کو اس کے والد صاحب نے قرآن کریم پڑھانے کی سعادت حاصل کی۔

مہمان خصوصی نے سب بچوں سے باری باری قرآن کریم کے بعض حصے سنے۔ بعد میں ان بچوں میں تحائف تقسیم کئے اور دعا کروائی۔ احباب سے درخواست دعا ہے کہ اللہ تعالیٰ ہمیں قرآن کریم صحیح تلفظ کے ساتھ پڑھنے اور پڑھانے نیز اس کی تعلیمات پر عمل کرنے کی توفیق عطا فرمائے۔ آمین

## ولادت

❁ مکرم وقار احمد بھٹی صاحب مربی سلسلہ استاد جامعہ احمدیہ سینئر سیکشن شعبہ انگریزی تحریر کرتے ہیں۔

اللہ تعالیٰ نے محض اپنے فضل سے خاکسار کو دو بیٹیوں کے بعد مورخہ 15 جون 2014ء کو پہلے بیٹے سے نوازا ہے۔ سیدنا حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ نے ازراہ شفقت سلطان احمد بھٹی نام عطا فرمایا ہے۔ نومولود وقف نو کی بابرکت تحریک میں شامل ہے۔ نومولود مکرم سلطان احمد بھٹی صاحب مرحوم آف دارالعلوم وسطی ربوہ کا پوتا، مکرم خواجہ عبدالغفار صاحب سابق زعیم انصار اللہ دارالرحمت وسطی کا نواسا اور حضرت میاں سرداد خاں صاحب بھٹی رفیق حضرت مسیح موعود آف بھا کا بھٹیاں ضلع حافظ آباد کی پانچویں نسل سے ہے۔ احباب سے درخواست دعا ہے کہ اللہ تعالیٰ نومولود کو نیک، صالح، خادم دین اور خلافت احمدیہ کا جاں نثار خادم بنائے۔ آمین

## تقریب آمین

❁ مکرم ماسٹر محمد اصغر صاحب صدر جماعت احمدیہ گولیکی ضلع گجرات تحریر کرتے ہیں۔

میرے پوتے مفلح محمود ابن مکرم ناصر محمود صاحب نے بعمر 7 سال 3 ماہ قرآن کریم ناظرہ کا دور مکمل کرلیا ہے۔ بچے کو قرآن پاک پڑھانے کی سعادت اس کی والدہ نے حاصل کی۔ تقریب آمین میں مکرم حافظ جواد احمد صاحب مربی سلسلہ ضلع گجرات نے اس سے قرآن مجید سنا اور دعا کروائی۔ احباب جماعت سے درخواست ہے کہ اللہ تعالیٰ اس کو قرآن مجید سے محبت عطا فرمائے۔ قرآن مجید پڑھنے، سمجھنے اور اس پر عمل کرنے کی توفیق عطا فرمائے۔ آمین

## تقریب آمین

❁ مکرم حافظ عبدالجبار صاحب معلم سلسلہ بھوڈی ملہیاں ضلع نارووال تحریر کرتے ہیں۔

جماعت بھوڈی ملہیاں ضلع نارووال میں دو بچیوں امۃ العلیم اور عیشہ قمر دختران مکرم ضیاء القمر ملہی صاحب کی تقریب آمین منعقدہ 28 مئی 2014ء کو ہوئی۔ دونوں بچیوں سے خاکسار نے قرآن کریم سنا اور دعا کروائی۔ 10 خواتین مہمان شامل ہوئیں۔ ان کو قرآن کریم پڑھانے کی سعادت مجھے اور صدر لجنہ کو ملی۔ احباب سے دعا کی درخواست ہے کہ اللہ تعالیٰ ہم سب کو قرآن کریم کو پڑھنے، پڑھانے اور اس کی تعلیمات پر عمل کرنے کی توفیق عطا فرمائے۔ آمین

## شکریہ احباب

❁ مکرمہ سیدہ امۃ الکریم سولنگی صاحبہ زوجہ مکرم مجید احمد سولنگی صاحب دارالعلوم شرقی مسرور ربوہ تحریر کرتی ہیں۔

خاکسار کی بیٹی مکرمہ فائقہ مجید سولنگی صاحب زوجہ مکرم محمد اعظم خان صاحب ملائیشیا مورخہ 22 مئی 2014ء کو وفات پا گئی تھیں۔ بہت سارے عزیز و اقارب اور احباب نے ہمارے اس غم کی گھڑی میں ہماری ڈھارس بندھائی اور دلجوئی کی۔ میں ان تمام احباب کا تہہ دل سے شکریہ ادا کرنا چاہتی ہوں۔ جنہوں نے ہمارے لئے پرخلوص دعائیں کیں۔ اللہ تعالیٰ ان کو بہترین جزا عطا فرمائے۔ احباب سے درخواست دعا ہے کہ اللہ تعالیٰ میری پیاری مرحومہ بیٹی کے درجات بلند فرمائے، جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام اور پسماندگان کو صبر جمیل عطا فرمائے۔ آمین

## تقریب آمین

❁ مکرمہ امۃ القدیر صاحبہ طاہر آباد جنوبی ربوہ تحریر کرتی ہیں۔

خاکسارہ کی بیٹی ہادی عطیۃ العروج بنت مکرم عبدالغفور باجوہ صاحب نے 5 سال 9 ماہ کی عمر میں خدا کے فضل سے قرآن کریم ناظرہ کا پہلا دور مکمل کرلیا ہے۔ مکرم حافظ محمد ابراہیم صاحب کی اہلیہ نے قرآن پاک کا کچھ حصہ سنا اور دعا کروائی۔ بچی مکرم جان محمد باجوہ صاحب آف گوٹھ مولوی عبدالسلام عمر کی پوتی اور مکرم محمود احمد سعید صاحب واقف زندگی مرحوم کی نواسی ہے۔ احباب جماعت سے دعا کی درخواست ہے کہ اللہ تعالیٰ عزیزہ کو قرآن سمجھنے اور اس پر عمل پیرا ہونے کی توفیق عطا فرمائے۔ آمین

## ولادت

❁ مکرم عدنان شریف صاحب ربوہ تحریر کرتے ہیں۔

خاکسار کے سب سے بڑے بھائی مکرم محمد حفیظ صاحب کو اللہ تعالیٰ نے محض اپنے فضل سے مورخہ 24 مئی 2014ء کو پہلی بیٹی سے نوازا ہے۔ حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے ازراہ شفقت نومولودہ کا نام کاشفہ حفیظ عطا فرمایا ہے جو وقف نو کی بابرکت تحریک میں شامل ہے۔

اسی طرح ان سے چھوٹے بھائی مکرم نوید اکبر صاحب کو بھی اللہ تعالیٰ نے 26 دسمبر 2013ء کو پہلی بیٹی سے نوازا ہے۔ حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے ازراہ شفقت عدیلہ اکبر نام عطا فرمایا ہے جو کہ وقف نو کی بابرکت تحریک میں شامل ہے۔ دونوں بچیاں مکرم محمد شریف صاحب صدر جماعت بشیر نگر ضلع عمر کوٹ کی پوتیاں ہیں۔ احباب جماعت سے درخواست دعا ہے کہ اللہ تعالیٰ اپنے فضل سے ان دونوں بچیوں کو نیک سیرت، ہر عیب سے پاک، خلافت کی کامل فرمانبردار، نیک، خادمات دین اور والدین کی آنکھوں کی ٹھنڈک بنائے۔ آمین

## سانحہ ارتحال

❁ مکرم ضمیر احمد ندیم صاحب مربی سلسلہ دفتر وصیت تحریر کرتے ہیں۔

مکرم محمد فیصل سیال صاحب قریباً چار سال صاحب فراش رہنے کے بعد مورخہ 11 جون 2014ء کو بعمر 71 سال وفات پا گئے۔ آپ نے 1974ء میں مع فیملی بیعت کی۔ آپ بہت سی خوبیوں کے مالک تھے۔ آپ نڈر داعی الی اللہ اور دلیر احمدی تھے۔ جماعتی اور انصار اللہ کی ضلعی عاملہ کے ساتھ آپ نے ہمیشہ بھرپور تعاون کیا۔ آپ کے متعلق علاقہ میں مشہور تھا کہ ان سے کوئی غیر از جماعت کلام نہ کرے ورنہ وہ احمدی ہو جائے گا۔ آپ پنجگانہ نماز، نماز تہجد کے پابند اور خلافت احمدیہ سے عشق رکھتے تھے۔ آپ کی مہمان نوازی سندھی ثقافت کا منہ بولتا ثبوت تھی۔ آپ کارپینٹر تھے چھوٹے بڑے سب آپ کی صداقت، ایمانداری، سادگی اور صاف گوئی کے قائل تھے۔ آپ ہر ایک کی خدمت کرتے تھے۔ آپ ہمیشہ مرکزی عہدیداروں کی بھرپور خدمت میں کوشاں رہتے۔ دورہ پر آنے جانے والے مہمانوں کو اگلی جماعت تک چھوڑنے جاتے اور ہر قسم کا خیال کرتے۔ آپ کا جنازہ موصی ہونے کی وجہ سے ربوہ لایا گیا۔ جہاں بیت المبارک میں 12 جون کو بعد نماز عصر محترم صاحبزادہ مرزا خورشید احمد صاحب ناظر اعلیٰ وامیر مقامی نے آپ کی نماز جنازہ پڑھائی اور بہشتی مقبرہ میں تدفین کے بعد دعا مکرم شریف احمد علوی صاحب سابق مربی سلسلہ نصیر آباد ضلع لاڑکانہ نے کروائی۔ مرحوم نے پسماندگان میں بیوہ اور 4 بیٹے یادگار چھوڑے ہیں۔ احباب سے درخواست دعا ہے کہ خدا تعالیٰ مرحوم کو جوار رحمت میں جگہ دے اور لواحقین کا پرسان حال رہے۔ آمین

عطیہ چشم خدمت خلق ہے

## سانحہ ارتحال

❁ مکرم فائق احمد ایاز صاحب ابن مکرم رشید احمد ایاز صاحب ایاز میڈیکل ہال مبشر مارکیٹ ربوہ تحریر کرتے ہیں۔

خاکسار کی پھوپھی جان محترمہ نسیم اختر صاحبہ زوجہ مکرم چوہدری رفیق احمد صاحب المعروف رفیق بھائی چشمے والے سرگودھا شہر مورخہ 9 جون 2014ء کو طویل علالت کے بعد بقضائے الٰہی وفات پا گئیں۔ مورخہ 10 جون 2014ء کو بعد نماز فجر بیت المبارک میں مکرم حافظ مظفر احمد صاحب صدر مجلس انصار اللہ پاکستان نے نماز جنازہ پڑھائی اور قبرستان عام میں تدفین کے بعد آپ کے بھائی مکرم راجہ محمد اسلم شاد صاحب آف جرمنی نے دعا کروائی۔ مرحومہ مکرم ڈاکٹر افتخار احمد ایاز صاحب OBE یو کے کی ماموں زاد بہن اور مکرم عرفان احمد خان صاحب دہلوی ابن محترم مسعود احمد خان صاحب دہلوی مرحوم کی خوشدامن تھیں۔ آپ نے پسماندگان میں خاوند، چار بیٹے اور ایک بیٹی سوگوار چھوڑی ہیں۔

خاکسار روزنامہ الفضل کے ذریعہ ان تمام احباب کا جو خود تشریف لا کر یا بذریعہ فون تعزیت کر کے ہمارے غم میں شریک ہوئے شکرگزار ہے۔ اللہ تعالیٰ ان سب کا حافظ و ناصر ہو اور جزائے خیر عطا فرمائی۔ احباب جماعت سے درخواست دعا ہے کہ اللہ تعالیٰ مرحومہ سے ستاری کا سلوک فرمائے، جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام اور پسماندگان کو صبر جمیل عطا فرمائے۔ آمین

عطیہ خون خدمت خلق ہے

## ایم ٹی اے کے پروگرام

### 28 جون 2014ء

| | |
|---|---|
| 12:35 am | ریئل ٹاک |
| 1:30 am | دینی وفقہی مسائل |
| 2:05 am | خطبہ جمعہ فرمودہ 27 جون 2014ء |
| 3:20 am | راہ ہدیٰ |
| 5:00 am | عالمی خبریں |
| 5:20 am | تلاوت قرآن کریم اور درس حدیث |
| 5:30 am | یسرنا القرآن |
| 5:55 am | بیت المہدی کا افتتاح |
| 7:15 am | خطبہ جمعہ فرمودہ 27 جون 2014ء |
| 8:25 am | راہ ہدیٰ |
| 9:55 am | لقاء مع العرب |
| 11:00 am | تلاوت قرآن کریم اور درس رمضان |
| 11:30 am | الترتیل |
| 12:00 pm | لجنہ اماء اللہ یو کے اجتماع 14-اکتوبر 2012ء |
| 1:00 pm | بین الاقوامی جماعتی خبریں |
| 1:30 pm | سٹوری ٹائم |
| 1:55 pm | سوال وجواب |
| 3:00 pm | انڈونیشین سروس |
| 4:05 pm | خطبہ جمعہ فرمودہ 27 جون 2014ء |
| 5:20 pm | تلاوت قرآن کریم |
| 5:30 pm | الترتیل |
| 6:00 pm | انتخاب سخن Live |
| 7:00 pm | بنگلہ پروگرام |
| 8:05 pm | رمضان المبارک کی اہمیت وافادیت |
| 9:00 pm | راہ ہدیٰ Live |
| 10:30 pm | الترتیل |
| 11:00 pm | عالمی خبریں |
| 11:20 pm | لجنہ اماء اللہ یو کے اجتماع |

### 29 جون 2014ء

| | |
|---|---|
| 12:30 am | فیتھ میٹرز |
| 1:30 am | بین الاقوامی جماعتی خبریں |
| 2:00 am | راہ ہدیٰ |
| 3:30 am | سٹوری ٹائم |
| 3:55 am | خطبہ جمعہ فرمودہ 27 جون 2014ء |
| 5:10 am | عالمی خبریں |
| 5:30 am | تلاوت قرآن کریم اور درس حدیث |
| 5:55 am | الترتیل |
| 6:20 am | لجنہ اماء اللہ یو کے اجتماع |
| 7:30 am | سٹوری ٹائم |
| 7:55 am | الترتیل |
| 9:05 am | رمضان المبارک کی رحمتیں اور برکتیں |
| 9:55 am | لقاء مع العرب |
| 11:00 am | تلاوت قرآن کریم اور درس حدیث |
| 11:40 am | یسرنا القرآن |
| 12:05 pm | گلشن وقف نو |
| 1:15 pm | فیتھ میٹرز |
| 2:18 pm | سوال وجواب |
| 3:25 pm | انڈونیشین سروس |
| 4:30 pm | خطبہ جمعہ فرمودہ 28 جون 2013ء (سپینش ترجمہ) |
| 5:30 pm | تلاوت قرآن کریم |
| 5:35 pm | یسرنا القرآن |
| 6:00 pm | خطبہ جمعہ فرمودہ 27 جون 2014ء |
| 7:00 pm | Shotter Shondhane |
| 8:10 pm | گلشن وقف نو |
| 9:15 pm | رمضان المبارک کی اہمیت اور افادیت |
| 10:00 pm | کڈز ٹائم |
| 10:30 pm | یسرنا القرآن |
| 11:00 pm | عالمی خبریں |
| 11:20 pm | گلشن وقف نو |

## وادی فرغانہ۔ ازبکستان کا صدر مقام

فرغانہ ازبکستان کا صدر مقام ہے۔ فرغانہ کا شہر تاشقند سے جانب مشرق 325 کلومیٹر کے فاصلہ پر واقع ہے۔ فرغانہ کی وادی وسطی ایشیا کا سب سے بڑا صحت افزا مقام ہے۔ اس کے علاوہ وادی فرغانہ کا شمار دُنیا کے انتہائی خوبصورت خطوں میں ہوتا ہے۔ حقیقت میں یہ ایسے علاقے ہیں جو ابھی تک دُنیا کے سیاحوں کی آنکھ سے اوجھل ہیں۔ فرغانہ شہر کی آبادی دو لاکھ ہے۔ فرغانہ قدیم شاہراہ ریشم پر واقع اہم شہر تھا جو چین میں کاشغر کے راستے باقی مغربی دنیا سے ملا ہوا تھا۔ وادی فرغانہ میں فرغانہ کے علاوہ نمنگان، اندجان اور قوقند بڑے شہر ہیں۔ اس پوری وادی میں جگہ جگہ خوبانی، سیب انگور، بادام، اخروٹ کے بڑے بڑے باغات ہیں۔ اس کے علاوہ تربوز، سٹرابیری اور چیری کی بھی بہتات ہے۔ گندم، چاول، مکئی، جو اور سبزیوں کی پیداوار عام ہے۔ ازبکستان کے دو بڑے دریا آمو دریا اور سر دریا ہیں۔ سر دریا وادی فرغانہ سے ہی ہو کر گزرتا ہے۔ وادی فرغانہ کا سال میں اوسط درجہ حرارت سردیوں میں منفی 24 سینٹی گریڈ اور گرمیوں میں 30 سینٹی گریڈ تک رہتا ہے۔

وادی فرغانہ کا شہر اندجان ظہیر الدین بابر کی جائے پیدائش ہے۔ بار اندر جان ہی میں 14 فروری 1483ء کو عمر شیخ مرزا کے گھر پیدا ہوا۔ بابر نے اپنا لڑکپن اسی وادی میں گزارا۔

(روزنامہ دنیا 4 جون 2014ء)

### ربوہ میں طلوع وغروب 21 جون

| | |
|---|---|
| طلوع فجر | 3:23 |
| طلوع آفتاب | 5:01 |
| زوال آفتاب | 12:10 |
| غروب آفتاب | 7:19 |

## ایم ٹی اے کے اہم پروگرام

### 21 جون 2014ء

| | |
|---|---|
| 1:25 am | دینی وفقہی مسائل |
| 2:00 am | خطبہ جمعہ فرمودہ 20 جون 2014ء |
| 3:20 am | راہ ہدیٰ |
| 6:00 am | بیت النور کیلگری کا افتتاح |
| 7:10 am | خطبہ جمعہ فرمودہ 20 جون 2014ء |
| 8:20 am | راہ ہدیٰ |
| 9:50 am | لقاء العرب |
| 11:15 am | جلسہ سالانہ جرمنی 2014ء (نشر مکرر) |
| 1:15 pm | خطبہ جمعہ فرمودہ 20 جون 2014ء |
| 2:00 pm | سوال وجواب |
| 4:05 pm | خطبہ جمعہ فرمودہ 20 جون 2014ء |
| 6:00 pm | انتخاب سخن Live |
| 9:00 pm | راہ ہدیٰ Live |
| 11:20 pm | جلسہ سالانہ جرمنی 2014ء کی کارروائی (نشر مکرر) |


اکسیر بلڈ پریشر
ایک ایسی دوا جس کے دو تین ماہ استعمال سے ہائی بلڈ پریشر اللہ کے فضل سے مکمل طور پر ختم ہو جاتا ہے اور دواؤں کے مستقل استعمال سے جان چھوٹ جاتی ہے
ناصر دواخانہ (رجسٹرڈ) گولبازار ربوہ
NASIR ناصر
Ph:047-6212434

اپنا آپٹیکل سنٹر
اپنا چشمہ سنٹر جس کا نام تبدیل ہو کر اپنا آپٹیکل رکھ دیا گیا ہے۔ جو ملک مارکیٹ سے کالج روڈ نزد اقصیٰ چوک شفٹ ہو گیا ہے۔ معزز کسٹمرز سے تکلیف پر معذرت خواہ ہیں۔
کالج روڈ نزد اقصیٰ چوک ربوہ
پروپرائٹر: میاں سہیل احمد: 0345-7963067

وردہ فیبرکس
Sale Sale Sale
لان کی تمام ورائٹی پر سیل جاری ہے۔
چیمہ مارکیٹ بالمقابل الائیڈ بینک اقصیٰ روڈ ربوہ
0333-6711362

پرنٹ لان کی بے شمار ورائٹی انتہائی کم ریٹ پر دستیاب ہیں
ورلڈ فیبرکس
ملک مارکیٹ نزد یوٹیلیٹی سٹور ریلوے روڈ ربوہ
0476-213155

QMR Analyzer کے ذریعہ جسم کے اعضا کے متعلق رپورٹ حاصل کریں
ممکنہ تکالیف کے متعلق آگاہی حاصل کریں۔
اوقات صبح 10:30 بجے تا 1 بجے شام 6 بجے تا 8:30 بجے
FINE & THE BEST FB
F.B ہومیو سنٹر فار کرانک ڈیزیز طارق مارکیٹ ربوہ
0300-7705078

Seminar Study in the UK - Without IELTS
Coventry University
London Campus -Coventry Campus
IELTS Exemption if student have 70% in Intermediate or A to C Grade in O-Level in English Subject.
www.coventry.ac.uk
Meet Country Manager of the University for Admission Sep. 2014
Result awaiting A-Level & Intermediate students are encouraged to attend this.
Venue & Time
25th June, Wednesday, 11am to 3pm -EC Office, 67-C, Faisal Town, Lahore
EC Education Concern
Education Concern ®
67-C, Faisal Town, Lahore.
35162310/0302-8411770
info@educationconcern.com
www.educationconcern.com Skype: fdewdrop

فاتح جیولرز
www.fatehjewellers.com
Email:fatehjeweller@gmail.com
ربوہ فون نمبر: 0476216109
موبائل 0333-6707165

DEUTSCHE SPRACH SCHULE
INSTITUTE OF GERMAN LANGUAGE
جرمن زبان سیکھئے
6 جولائی سے نئی کلاس کا آغاز
داخلہ جاری ہے
GOETHE کا کورس اور ٹیسٹ کی مکمل تیاری کروائی جاتی ہے۔ رابطہ: عمران احمد ناصر
مکان نمبر 51/17 دارالرحمت وسطی ربوہ 0334-6361138

FR-10